# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: اسلامیات-لازمی (316)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: انٹرمیڈیٹ**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر1-5)

سوال نمبر1۔ عقیدہ "کا لغوی و اصطلاحی مفہوم بیان کرتے ہوئے انسانی کردار کی تعمیر میں اس کے بنیادی کردار پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نبوت اور رسالت کے مفہوم کی وضاحت کریں اور منصبِ رسالت کی ضرورت و اہمیت پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی عبادات کا مجموعی فلسفہ بیان کریں اور یہ بتائیں کہ ارکانِ اسلام کس طرح ایک کامل مسلمان کی شخصیت تعمیر کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ قرآن مجید کی تدوین و اشاعت کی تاریخ پر عہدِ رسالت سے عہدِ عثمانی تک مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ حدیث اور سنت کے لغوی و اصطلاحی مفاہیم بیان کریں اور ان کے درمیان پائے جانے والے باریک فرق کو واضح کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:6تا9)

سوال نمبر1۔ اسوہ حسنہ کی عالمگیریت اور دائمی اہمیت پر قرآن کی روشنی میں مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اسلامی معاشرے کے بنیادی ستونوں (عدل، احسان، اخوت) کی تفصیل بیان کریں اور ان کی ضرورت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کے باہمی توازن پر بحث کریں اور بتائیں کہ حقوق العباد کی ادائیگی کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ ظہورِ اسلام سے قبل دنیا کی مختلف تہذیبوں میں عورت کی حالت اور اسلام میں عورت کو دیے گئے مقام کا تقابلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اسلام میں عورت کے معاشی حقوق (حقِ مہر، وراثت، ملکیتِ مال) پر ایک مفصل مقالہ تحریر کریں۔ (20)